

# تسکین روح



3779

PUNJAB
UNIVERSITY
LIBRARY
LAHORE

CLASS NO..................

BOOK NO ..................

S-369 Punjab University Press 10,000 29-1-2003

Marfat.com

۳ے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تسکینِ روح

الْمَعْرُوف بہ

# بختِ سکندر

تصنیف سعید

سگِ دیارِ نبی :- سکندر لکھنوی

ملنے کا پتہ

خلیل بکڈپو - ۳۴۷/۳ لیاقت آباد، کراچی

Marfat.com

87022

(جملہ حقوق محفوظ ہیں)

بار دوئم ... ... ... ... ماہ جون ۱۹۸۲ء

تعداد کتب ... ... ... ... ایک ہزار

مطبوعہ ... ... ... المخزن پرنٹرز (مکتبہ رشیدیہ) کراچی

ھدیہ ... ... ... ...

نام کتاب ... ... ... ... تسکین روح

ملنے کے پتے

خلیل بک ڈپو ۳/۳۴۷ لیاقت آباد کراچی ۱۹

Marfat.com

# انتساب

میں اس نعتیہ گلدستے کو اپنے پیر و مرشد، آقائی، مولائی، حضرت قبلہ علی محمد خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ بسی شریف کے نام نامی سے معنون کرتا ہوں جن کے دامن عافیت میں مجھ کو پناہ ملی۔

٭ ٭ ٭

غلام آستانۂ فریدی۔ سگ دیار نبی۔ سکندر لکھنوی

٭

Marfat.com

# کراچی میں

سکندر لکھنوی کی نعتوں کی کتابیں کراچی میں ہم سے طلب فرمائیں۔

تاج بک ڈپو۔ چوراہا عیدگاہ بندر روڈ کراچی۔

مکتبہ حنفیہ۔ حنفیہ روڈ بی۔ آر کے اراور کراچی۔

مکتبہ رضویہ۔ گاڑی کھاتہ بندر روڈ کراچی

اقبال بک ہاؤس۔ ٹرام جنکشن صدر کراچی۔

ہلال بک ہاؤس۔ جہانگیر پارک صدر کراچی

Marfat.com

# بیرونِ کراچی

سکندر لکھنوی کا نعتیہ کلام ہم سے طلب فرمائیں

مکتبہ نوریہ رضویہ دکٹوریہ روڈ سکھر

کتب خانہ حاجی مشتاق احمد بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ لاہور

مکتبہ رضویہ گنج بخش روڈ لاہور

کتب خانہ اسلامی زیر جامع مسجد۔ راولپنڈی

مکتبہ حاجی منظور حسین بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

Marfat.com

# فہرست مضامین


تقریظ مفتی محمد عمر نعیمی رحمۃ اللہ علیہ ۹
مقدمہ درد کاکوری رحمۃ اللہ علیہ ۱۰/۱۲
اظہار تشکر ۱۳
سکندر لکھنوی ۱۵
حمد خالق کائنات ۱۶
حمد خدائے پاک جل شانہٗ ۱۷
" ۱۸
" ۱۹
" ۲۰
فریاد بدرگاہ قاضی الحاجات ۲۱/۲۲
عشق احمد عطا کیا تو نے ۲۳
نعت سرور کائنات ۲۴
رؤف الرحیم ۲۵/۲۶
مہر رسالت ۲۷
والشمس والضحیٰ ۲۸
ساقی میکدہ محمد ہیں ۲۹

انکے دربار اقدس میں ۳۰/۳۲
سید ذیشان ۳۳
" ۳۴
کملی والا ۳۵
دُرِّ یتیم ۳۶
فیضانِ مدینہ ۳۷
یادِ محمد ۳۸
حبیب عالی گہر ۳۹
" ۴۰
عظمت تاجدار حرم ۴۱
تاجدار حرم ترے قربان ۴۲
گنبد خضرا ۴۳
بطحیٰ کی سرزمین ۴۴
گنہگار کی نظریں ۴۵
" ۴۶
" ۴۷


Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| شہہ بطحا | ۴۸ | مشک نعت | ۶۶ |
| شاہ امم | ۴۹ | ذکر مصطفےٰ | ۶۷ |
| حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم | ۵۰ | انعام محبت | ۶۸ |
| مصطفےٰ | ۵۱ | تعظیم محمد | ۶۹ |
| نام محمد | ۵۲ | رسولِ گرامی | ۷۰ |
| فریاد | ۵۳ | نعت نبی | ۷۱ |
| " | ۵۴ | زمین کا چاند | ۷۲ |
| سید ابرار | ۵۵ | یٰسین طٰہٰ | ۷۳ |
| درمانِ رحمت | ۵۶ | شان خدا دیکھتا ہوں | ۷۴ |
| ہجر سرکار | ۵۷ | مدینہ ہے رشک جناں | ۷۵ |
| نظر ملے تو | ۵۸ | اللہ اللہ | |
| فدائے منقبت چار یارؓ | ۵۹ | حسرتِ دیدار حرم | ۷۶ |
| وہ مینار ہے | ۶۰ | آرزو | ۷۷ |
| فخر ماہتاب | ۶۱ | حبیب اکرم | ۷۸ |
| مدینے والے میں قرباں | ۶۲ | رحمت عالم | ۷۹ |
| معراج بشر | ۶۳ | شاہ مدینہ | ۸۰ |
| تمہارا نام تو ہے اسم اعظم یا رسول اللہ | ۶۴ | مشغلہ ہے یہی | ۸۱ |
| | | " | ۸۲ |
| " | ۶۵ | " | ۸۳ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| جشنِ ولادت سید الکونینؐ | ۸۴ |
| مقامِ ادب | ۸۵ |
| سرتاج جملہ انبیاء | ۸۶ |
| سلطانِ معظم آگئے ہیں | ۸۷ |
| شمعِ ہدایت | ۸۸ |
| 〃 | ۸۹ |
| جانِ آدم | ۹۰ |

| | |
|---|---|
| نورِ خدا | ۹۱ |
| 〃 | ۹۲ |
| سائل کی صدا | ۹۳ |
| سلام بدرگاہِ خیر الانام | ۹۴ |
| رحمتِ کبریا | ۹۵ |
| 〃 | ۹۶ |


Marfat.com

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تقریظ

## حضرت مفتی الحاج تاج العلماء محمد عمر صاحب نعیمی مدظلہٗ عالی

نعت گوئی و نعت خوانی عبادت ہے مجلس پاک صاحب لولاک میں نعت شریف پڑھی گئی اور سرکار ابد قرار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے ردا رمبارک عطا ہوئی نعت گویاں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے یہ مژدہ جلیلہ ہے مگر یہ منزل بہت دشوار گذار ہے ذرا قدم پھسلا تو ایمان کی خیر نہیں۔ سکندر مرزا صاحب لکھنوی کا کلام اکثر مقامات سے میں نے پڑھا، عشق سرکارؐ کا مرقع ہے، شاعری نہیں جذباتِ محبت کا سمندر جوش مار رہا ہے قبول ہو جائے تو بخت بیدار ہو گیا، نصیب جاگ گیا، اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کا ثنا خواں بنائے اور میدانِ قیامت میں بھی نعت گوئی کی دولت سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔

العبد المتمسک بذیل الغنی الامی

کتبہٗ

عمر نعیمی

Marfat.com

# مقدمہ

دُنیا میں شاید ہی کوئی ایسی قوم ہو جس میں شعروشاعری نہ ہو۔ مسلمانوں نے اردو زبان میں بھی شاعری کی ہے۔ جس سے اردو شاعری کی تاریخیں بھری پڑی ہیں اکثر لوگ مجازی شاعری کی طرف مائل ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ نعتیہ شاعری مجازی شاعری سے بہت بلند ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے دربار کے حضرت حسّان رضی اللہ عنہ بہترین شاعر تھے جب کافر لوگ اسلام کے خلاف شاعری کرتے تو حضرت حسّان رضؓ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف میں اشعار لکھ کر کافروں کی شاعری کی تردید کیا کرتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے لئے منبر کا انتظام فرما دیتے۔ منبر پر بیٹھ کر حضرت حسّان رضی اللہ عنہ کافروں کے اشعار کا جواب دیا کرتے تھے، اس طرح حضرت حسّان رضی اللہ عنہ۔ الشعراء تلامیذ الرحمٰن، (ترجمہ:۔ شاعر رحمٰن کے شاگرد ہوا کرتے ہیں) کے مصداق تھے۔ سرکار دو عالم (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ کے اشعار سُن کر یوں دعا فرماتے۔ اللّٰھم اید ہ بروح القدس (ترجمہ:۔ اے اللہ روح القدس سے حسّان کی مدد کر) ان واقعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ نعتیہ شاعری والے شاعروں

Marfat.com

ہی کو رحمانی شاگرہونے کا فخر حاصل ہو سکتا ہے اور جب شاعر رحمان کا شاگرد ہے تو نعت گو شاعر ہونا لازمی ہے پھر بھلا ثواب سے کیوں محروم رہے گا۔

سکندر لکھنوی صاحب نعت گو شاعر ہیں ان کا کلام میں نے دیکھا ہے۔ اور مقبولیت کی وجہ سے نعت خواں حضرات کی زبان سے بھی سُنا ہے نمونے کے طور پر کچھ اشعار پیش کر رہا ہوں۔

رحمت کبریا۔ خلق کے رہنما　　　تم پہ لاکھوں درود اور لاکھوں سلام
احمد مجتبیٰ خاتم الانبیاؐ　　　تم پہ لاکھوں درود اور لاکھوں سلام

ایک نظم میں چاروں یاروں کا اس طرح تذکرہ کیا ہے کیا روانی ہے

چشم صدیقؓ کو مصطفیٰ مِل گیا　　　قلبِ فاروقؓ کو مدعا مِل گیا
فرقِ عثمانؓ کو تاج حیا مِل گیا　　　دستِ حیدرؓ کو دستِ سخا مِل گیا

ایمانی جوش اور اسلامی جذبات کا بہاؤ ملاحظہ ہو۔

دل کو لذت ملی چشم پُرنم ہوئی　　　جسم وجاں آگئے عالمِ وجد میں
ضبط صدقے ہوا ہوش قرباں ہوئے　　　جب زباں پر محمدؐ کا نام آگیا

آنحضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) کا جسم اطہر نورانی تھا اس بات کو اس دل کش انداز میں نظم کیا ہے۔

سایہ بھی ان کے جسم کا ہمسر نہ بن سکا
یکتائی نبی کی یہ روشن دلیل ہے

Marfat.com

مدینہ شریف میں دفن ہونے کی تمنا کو اس طرح نظم کیا ہے۔

مِل جائے اگر کوچۂ محبوب میں مدفن
عاشق کے لئے جنّتِ فردوس یہی ہے

اللہ سے دعا ہے کہ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے میں ان کے کلام کو طبع ہونے کے بعد بھی قبولیت کا درجہ عطا فرمائے۔ بحرمتہ الہ الامجاد۔ آمین ثم آمین

ناچیز
دردؔ کاکوروی

۲۵ جمادی الاول ۱۳۸۳ھ
سہ شنبہ

مقیم کراچی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اظہارِ شکر

خدا کا شکر ہے اُس نے اس ناچیز حقیر کو یہ توفیق بخشی کہ بزرگوں کے حکم اور دوستوں کے مُسلسل اصرار پر اپنے نعتیہ کلام کو یکجا کر کے ایک گلدستہ کی شکل میں ترتیب دیا اور اُسی رب العزت نے میرے نخلِ اُمید کو بار آور فرما کر اپنی قدرتِ کاملہ سے مدد فرمائی کہ یہ نعتیہ مجموعہ آپ کے دستِ مُبارک میں پہونچ رہا ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ اس مجموعہ میں جو نعتیہ کلام ہے۔ اس میں میری قابلیت کا کوئی دخل نہیں ہے یہ صرف سرورِ کائنات کا کرم ہے کہ انہوں نے مجھ جیسے کم علم انسان کو اپنا نعت خواں بنا لیا چنانچہ میرا خود کا یہ شعر بالکل میرے حسبِ حال ہے۔

اُن کے کرم سے لکھتا ہوں ہر نعت و منقبت
اِس میں نہ کچھ ہنر ہے نہ میرا کمال ہے

سرورِ دو عالم کی مدح سرائی میرا ایمان ہے۔ اور میرے لئے باعثِ فخر

Marfat.com

ہے۔ میں بارگاہِ رسالت مآب کا ایک ادنیٰ ثنا خواں ہوں اور دعاگو ہوں کہ پروردگار مجھے تاحیات اپنے حبیب پاک کی ثنا خوانی کا شرف عطا فرماتا رہے۔ آمین

متم ادنیٰ ثنا خوان محمدؐ
غلام از غلامانِ محمدؐ

تسکین روح ماہ نومبر ۱۹۶۳ء میں پہلی بار دو ہزار کی تعداد میں چھپ چکی ہے۔ عاشقانِ رسول اکرم اور نعت خوانی سے ذوق رکھنے والے حضرات نے میری امید سے زیادہ اِس مجموعے کی قدر اور ہمّت افزائی فرمائی میں اُن تمام حضرات کا شکرگزار ہوں۔

ماہ فروری ۱۹۶۸ء میں میرا دوسرا نعتیہ مجموعہ سحاب رحمت جو مجلّد ہونے کے علاوہ پلاسٹک کے رنگین ٹائٹلوں میں ملبوس تھا۔ شایع ہوگیا۔ میرے کرم فرماؤں نے اُس مجموعے کو اِس سے بھی زیادہ محبّت اور دلچسپی کے ساتھ ہاتھوں ہاتھ۔ لے کر۔ مجھ کو دوبارہ شکریہ ادا کرنے پر مجبور کر دیا۔

ماہ دسمبر ۱۹۷۰ء میں میرا تیسرا مجموعہ جو بزرگان دین کی مدحت اور منقبوں کا مجموعہ تھا شایع ہوگیا۔ یہ مجموعہ منقبت اپنی منفرد خصوصیت اور جاذبیت کی وجہ سے سب سے زیادہ مقبول خاص وعام ہے۔ اس میں صحابہ کرام امہات المومنین۔ اور تمام سلسلوں کے بزرگوں کی منقبتیں شامل ہیں۔

تسکین روح کی تقریباً تین سال سے میرے پاس ایک بھی کتاب

Marfat.com

موجود نہیں تھی۔ لیکن اِس مجموعہ کی مسلسل فرمائش کے باوجود دُوبارہ چھپنے کا اہتمام نہ ہوسکا اب خدا کے فضل وکرم سے یہ مجموعہ دوسری بار شایع ہوکر آپ کے دست مبارک میں پہونچ رہا ہے۔

میں اپنے بزرگ محترم حضرت مولانا الحاج تاج العلماء مفتی محمد عمر صاحب نعیمی رحمۃ اللہ علیہ کے لئے دُعاگو ہوں کہ پروردگار اُن کو اپنے فضل وکرم سے ہمیشہ نوازے اور ان کی لحد انور کے گوشے گوشے کو اپنے انوار وتجلیات سے پُرنور رکھے۔ اور سرورِ کونین کے دامن کا سایا ہمیشہ ہمیشہ اُن پر سایہ فگن رہے آمین۔ اس لئے کہ اُن ہی، ولیٔ کامل عالم جید اور پروانۂ جمال مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے اِس عاصی کو اس کار خیر کی طرف راغب کیا۔ اور اپنے عالمانہ اور مشفقانہ مشوروں سے میری اصلاح فرمائی اور اپنی خصوصی توجہ سے ایک گمنام مدّاح رسول کو عاشقانِ رسول ﷺ سے روشناس فرمایا۔ اللہ تعالیٰ اُن ہی کے صدقے میں مجھ کو صحیح معنوں میں مدّاح رسول ﷺ بنادے اور دربار رسالت کے مقبول شاعر حضرت حسّان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے نقشِ قدم چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین ثم آمین


دُعائے خیر کا طالب :-

سگِ دیارِ نبی۔ سکندر لکھنوی

۳ر جون ۱۹۷۱ء کراچی

Marfat.com

# حمد خالق کائنات



Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# حمد

## خدائے پاکؒ

لکھتا ہوں حمد مالک یوم النشور کی
یعنی خدائے پاک کریم وغفور کی
جو قادر قوی وسمیع وعلیم ہے
جو مرض لا دوا کا بھی یکتا حکیم ہے
ہے جس کی ذات پاک ہر اک شے سے بے نیاز
جو ہے تمام خلق کا ہمدرد و کارساز
وہ جس کی شان ارفع واعلیٰ بلند ہے
بندوں کی عاجزی مگر جس کو پسند ہے
تسبیح جس کی کرتے ہیں ہر وقت انس وجاں
مشغول جس کی حمد میں ہیں جملہ قدسیاں

Marfat.com

جو چیز بھی جہاں میں ہے پُر زوال ہے
اک اس کی ذات پاک فقط لازوال ہے

وہ جس کی رحمتوں کا نہیں ہے کوئی حصار
وہ جس کی نعمتیں ہیں دو عالم میں بے شمار

قدرت سے اپنی جس نے جہاں کو بنا دیا
کُن کہہ کے جس نے کون و مکاں کو بنا دیا

انجم کو روشنی قمر و مہر کو ضیاء!
اس نے ہی تو دیا ہے جسے جو بھی کچھ دیا

جس نے گُل و شجر سے سجایا زمین کو
سبزے سے سبزہ زار بنایا زمین کو

آدم کو جس نے خلق میں افضل بنا دیا
فرقِ بشر پہ تاجِ خلافت سجا دیا

جس نے عطا کی روشنی قلبِ نصوح میں
جس نے مدد کی نوحؑ کی طوفانِ نُوح میں

کیونکر کروں نہ حمد میں ربِّ جلیل کی
آتش میں جس نے کی تھی حفاظت خلیل کی

نمرودیت کو ختم کیا سَر کو توڑ کر
شدادیت کا رکھ دیا پنجہ مروڑ کر

Marfat.com

موسیٰ رہے حفاظت ربِّ جلیل میں
فرعون غرق ہوگیا دریائے نیل میں
حاجت روا وہی ہے غریب و امیر کا
روزی رساں وہی ہے صغیر و کبیر کا
جس کو وہ چاہے اس کو گدائی عطا کرے
جس کو وہ چاہے مسندِ شاہی عطا کرے
وہ جس کی چاہے دُنیا و عقبیٰ سنوار دے
وہ جس کو چاہے تختِ شہی سے اُتار دے
آدمؑ سے اپنے دین کی کی جس نے ابتداء
احمدؐ پر اپنے دین کی کی جس نے انتہاء
لاریب اُس کی ذات قدیم و عظیم ہے
اُس کا حبیبؐ پاک رؤف الرحیم ہے
اُس کا حبیبؐ پاک بشیراً نذیر ہے
اُس کا حبیبؐ پاک سراجُ المنیر ہے
لازم ہے ہر بشر کو کرے بندگی ادا
لائق ہے بندگی کے لئے بس وہ ہی خدا
ہو کس زبان سے شکر ادا اِس مجیب کا!
ہم کو بنایا اُمتی اپنے حبیبؐ کا!

Marfat.com

رکھا خدا نے زمرۂ مطلوب میں ہمیں
پیدا کیا تو اُمّتِ محبوبؐ میں ہمیں
احمدؐ بھی جن کا نام محمدؐ بھی نام ہے
جو سارے انبیاء رُسُل کا امام ہے
یہ اس کا ہی کرم ہے سکندرؔ سا ناتواں
لکھتا ہے نعتِ پاک شہنشاہِ دوجہاں
مدّاح خاص ساقیٔ کوثر بنا دیا!
اس کا نصیب بخت سکندر بنا دیا!

Marfat.com

# حمد

## فریاد بدرگاہِ قاضی الحاجات

الٰہی صدقے میں مصطفیٰ کے جگادے ہم عاصیوں کی قسمت
دِلوں پہ غلبہ ہے غفلتوں کا ہٹادے دل سے حجابِ غفلت
دِلوں کی تاریکیاں مٹاکر ہمارے قلبوں کو کرمنوّر
طفیلِ اصحابؓ سرورِ دین ہمیں بھی کردے عطا یہ دولت
یہ مور و ماہی، یہ ارض و قُلزم یہ چاند سورج یہ چرخ و انجم
یہ تیری صنعت کے سب ہیں شاہد عیاں ہے ان سب سے تیری حکمت
ہے ذرّے ذرّے میں تیری طلعت ہے غنچے غنچے میں تیری نکہت
اے دوجہاں کے بنانے والے ہے، جلوہ گراں میں تیری قدرت
دکھادے پھر شانِ کردِگاری کہ حل ہوں پھر مشکلیں ہماری
پھنسی ہے بحرِ کہنہ میں یارب تیرے حبیب و نبیؐ کی اُمّت

Marfat.com

تیرے لئے کچھ نہیں ہے مشکل ہر ایک شے پر ہے تو ہی قادر

تو جس کو چاہے ذلیل کر دے تو جس کی چاہے بڑھا دے عظمت

نہ تیرا ہمدم نہ کوئی ساتھی نہ تیرا ہمسر نہ کوئی ثانی

بزرگ ہے ذات پاک تیری، بلند ہے تیرا دستِ قدرت

سکندر پُرخطاء الٰہی نہ ہو قیامت کے روز رُسوا

رہے ترا فضل اس پہ دائم ہو اسکے دل میں نبیؐ کی اُلفت

B7022

645 22

Marfat.com

# عشقِ احمدؐ

## عطا کیا تو نے

عشق احمدؐ عطا کیا تو نے — یوں نوازا ہے کبریا تو نے
دے کے اُلفت رسولِ اکرم کی — دِل مرا جگمگا دیا تو نے
ردے پردے میں میم احمدؐ کے — اپنا جلوہ دکھا دیا تو نے
دو جہاں کی تونگری دیدی — جس کو عشقِ نبیؐ دیا تو نے
لد میں گھر بنا لیا اُس نے — جس کو بطحیٰؐ دِکھا دیا تو نے
ہ کے ستّر ہزار پردوں میں — طورِ سینا جلا دیا تو نے
رشِ اعظم پہ خاص اپنے پاس — مصطفیٰؐ کو بلا لیا تو نے
تری دین ہے غفور و رحیم — جس کو جو چاہا دیدیا تو نے
ہبری جس پہ ناز کرتی ہے — ایسا رہبر ہمیں دیا تو نے

کر کے نظرِ کرم سکندر پر
بخت خفتہ جگا دیا تو نے

Marfat.com

# ثنائے سرور کائنات

Marfat.com

# رؤفُ الرَّحیمؐ

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ    کَشَفَ الدُّجیٰ بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ    صَلُّوْ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

تو شمیم گلشن سروری    تو نسیم باغ پیمبری
تو بہار بزم سخنوری    تو ضیاء زہرہ و مشتری

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ

تو رسول اوّل و آخری    تو امام جن و ملک پری
تو قسیم غوث و قلندری    تو معین سنجر و کلیری

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ

تو ہر ایک غم کا طبیب ہے    تو ہر ایک دل سے قریب ہے
تو عطائے ربّ مجیب ہے    تو خدا کا پیارا حبیب ہے

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ

تو خدا کے نور کا نور ہے    تو نشانِ حق کا ظہور ہے
تو دلیل ربّ غفور ہے    تو شفیعِ یومِ نشور ہے

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ

Marfat.com

ترا نور شام و سحر میں ہے
ترا نور برگ و شجر میں ہے

ترا نور شمس و قمر میں ہے
ترا نور شکلِ بشر میں ہے

بلغ العلیٰ بکمالہٖ

تو حبیب بھی ہے، کلیم بھی
تو حلیم بھی ہے عظیم بھی

تو شفیق بھی ہے کریم بھی
تو رؤف بھی ہے رحیم بھی

بلغ العلیٰ بکمالہٖ

تجھے دشمنوں نے امین کہا
تجھے مہوشوں نے حسین کہا

تجھے رب نے نورِ مبیں کہا
سنا خلق نے تو وہیں کہا

بلغ العلیٰ بکمالہٖ

یہ سکندرا اے شہِ دوسرا
ہے غریب امتی آپ کا

ہوا اسے بھی حسنِ سخن عطا
بہ طفیلِ سعدیؒ باصفا

بلغ العلیٰ بکمالہٖ
کشف الدجیٰ بجمالہٖ

حسنت جمیع خصالہٖ
صلوا علیہ وآلہٖ

Marfat.com

# مہرِ رسالتؐ

مہرِ رسالتؐ فخرِ پیمبر صلّی اللہ علیہ وسلّم
مالکِ جنّت ساقیٔ کوثر صلّی اللہ علیہ وسلّم

پیکرِ نوری جسمِ مطہر زلفِ مبارک مشک سے برتر
روئے منوّر چاند سے بہتر صلّی اللہ علیہ وسلّم

صدیقؓ و فاروقؓ عثمانؓ و حیدرؓ آپکے عاشق روئے زمیں پر
عرشِ بریں پر خالقِ اکبر صلّی اللہ علیہ وسلّم

رحمتِ عالمؐ جانِ دو عالم شافعِ محشر نورِ مجسّم
ولیوں کے داتا نبیوں کے سرورؐ صلّی اللہ علیہ وسلّم

عیسیٰ سے افضل موسیٰ سے اعلیٰ آپ کا رتبہ سب سے ہے بالا
سرورِ عالمؐ شافعِ محشرؐ صلّی اللہ علیہ وسلّم

آپکی شہرت کون و مکاں میں آپؐ کا چرچا دونوں جہاں میں
آپؐ کے دشمن ہو گئے ابتر صلّی اللہ علیہ وسلّم

زیست کے جتنے دن ہیں میسر جا کے گذارے آپکے در پر
اب ہے یہی ارمانِ سکندرؔ صلّی اللہ علیہ وسلّم

Marfat.com

# وَالشمس وَالضحیٰ

اِذنِ دیارِ پاک شہا دیجئے مجھے
جنت کی آب و تاب دکھا دیجئے مجھے

ہو مجھ گناہ گار پہ بھی لطف کی نظر
فرشِ زمیں کی خُلد دکھا دیجئے مجھے

خلفائے راشدین کے صدقے میں یا نبیؐ
قدموں میں اپنے تھوڑی سی جا دیجئے مجھے

والشمس والضحیٰ جسے قرآن نے کہا
للہ وہ جمال دکھا دیجئے مجھے

خوشبو سے جس کی ماند ہے ہر نافۂ ختن
وہ زلفِ مشک بار سونگھا دیجئے مجھے

قربان جس پہ رہتے تھے اصحابِ ذی وقارؓ
اس حُسن کی جھلک ہی دکھا دیجئے مجھے

مدہوش جس نے کر دیا حضرت بلالؓ کو
اُلفت کی وہ شراب پلا دیجئے مجھے

افزوں ہے دردِ ہجر سکندر ہے بے قرار
ہر دم ہے ملتجی کہ دوا دیجئے مجھے

Marfat.com

# ساقیٔ میکدہ محمدؐ ہیں

عشق کی ابتدا محمدؐ ہیں
حُسن کی انتہا محمدؐ ہیں

شاہِ ہر دوسرا محمدؐ ہیں
خاتم الانبیاء محمدؐ ہیں

نور نورِ خدا محمدؐ ہیں
شان ربِّ العلا محمدؐ ہیں

دافعِ ہر بلا محمدؐ ہیں
دردِ دل کی دوا محمدؐ ہیں

حُسنِ یوسفؑ ہے جن کا اک پرتو
وہ حسینِ دلرُبا محمدؐ ہیں

دین و دُنیا میں باعثِ رحمت
ربِّ سلِّم علیٰ محمدؐ ہیں

جو وسیلے کا اُن کے قائل ہے
اُس کے مُشکل کشا محمدؐ ہیں

ہے محمدؐ کا رہنما خالق
خلق کے رہنما محمدؐ ہیں

ہم غلاموں کے آقا و مولیٰ
مجتبیٰؐ، مصطفٰےؐ محمدؐ ہیں

اہلِ سُنّت پئیں گے محشر میں
ساقیٔ میکدہ محمدؐ ہیں

ہے سکندؔر پہ جن کی نظرِ کرم
وہ حبیبِ خدا محمدؐ ہیں

Marfat.com

# ساقیِ کوثر

## دربارِ اقدس

ان کے دربارِ اقدس میں جب بھی کوئی غمزدہ آ گیا تشنہ کام آ گیا
غم غلط ہو گئے معصیت دُھل گئی مغفرت عافیت کا پیام آ گیا

دل کو لذّت ملی چشم پُرنم ہوئی جسم و جاں لگ گئے عالمِ وجد میں
ضبط صدقے ہوا ہوش قرباں ہوئے جب زباں پر محمد کا نام آ گیا

کشتیِ نوحؑ میں نارِ نمرود میں بطنِ ماہی میں یونسؑ کی فریاد پر
آپ کا نام نامی اے صلِّ علےٰ ہر جگہ ہر مصیبت میں کام آ گیا

لاڈلے تھے خدا کے کلیم خدا فرق یہ ہے کلیم اور محبوبؐ میں
وہ گئے طور پر سننے حق کا کلام ان کے گھر خود خدا کا کلام آ گیا

Marfat.com

بزمِ کونین ساری سنواری گئی
عرش قائم ہوا فرش کی صف بچھی
انبیاءؑ آگئے مرسلیں آگئے
مقتدی آچکے تو امام آگیا

---

ذکرِ ساقیِ کوثر سے اے ہم نشیں
دل کو تسکین و فرحت کچھ ایسی ملی
گویا تسنیم خود سامنے آگئی
ہاتھ میں جیسے کوثر کا جام آگیا

---

الفتِ مصطفیٰ کیا بتاؤں ہے کیا!
اک سمندر ہے جس کا کنارہ نہیں
غرق جو بھی ہوا اس میں اے ہم نشیں
فردِ عشاق میں اس کا نام آگیا

---

Marfat.com

دل کے آئینے پر جب جلا ہو گئی
فرق نزدیک دوری بھی جاتا رہا
جب قدم اُٹھے کعبہ کا در آ گیا
جب نظر اُٹھی بابُ السلام آ گیا

---

یہ سکندر بھی اے شاہِ جن و بشر
لے کے نعتوں کا نذرانہ مختصر
آپ کی محفلِ پاک میں یا نبی
آج پھر بہرِ عرضِ سلام آ گیا

---

Marfat.com

# سیّد ذیشاں

## جلوہ جاناں

آنکھ یہ کس کی ہے اے جلوۂ جاناں تیری
دِل بھی تیرا ہے مری جاں بھی مری جان تیری

قدسیوں کی بھی زباں پر ہے ترا ذکرِ مبیں
مدح قرآں میں بھی ہے صاحبِ قرآن تیری

چاند و سورج ہی نہیں چرخ و ستارے ہی نہیں
ساری کونین ہے شرمندۂ احسان تیری

رُخ ہے والشمس تو واللیل ہے زلفِ مشکیں
کیا کرے مدح و ثنا ہستی انساں تیری؟

Marfat.com

نیک و بد اچھے بُرے سب ہیں تیرے دامن میں
سب پہ ہے چشمِ کرم رحمتِ یزداں تیری

عاصیوں کو ہے بہرحال یقینِ کامل
بخشوائے گی شفاعت سرمیزاں تیری

پیکرِ نور تیری عظمت و رفعت کے نثار
قابَ قوسین ہے اک منزلِ عرفاں تیری

سارے عالم کو ضیاء بار کیا کرتا ہے
لے کے تھوڑی سی ضیاء مہرِ درخشاں تیری

سوئی کھوئی ہوئی مل جائے اندھیری شب میں
اللہ اللہ یہ ضیائے دُرِ دنداں تیری

بُتکدے کو وہیں بخشا شرف بیت اللہ
دیکھی معبود نے جب جنبشِ مژگاں تیری

رات دن لب پہ سکندرؔ کے ثنا رہتی ہے
اے حبیبی لقبی سیّدِ ذی شاں تیری

Marfat.com

# کملی والا ﷺ

ہو گئے بے ہوش موسیٰؑ طور کشتہ ہو گیا
اِک ذرا سی بات تھی دُنیا میں چرچا ہو گیا

اللہ اللہ یہ جمالِ جانِ عالم کی پھبن
خود بنا کر خالقِ کونین شیدا ہو گیا

یہ نوازش یہ کرم معبود کا معراج میں
لامکاں پر جلوہ گر بطحا کا دُولہا ہو گیا

فرش پر آئے درخشاں ہو گئی فرشِ زمیں
عرش پر پہنچے تو روشن عرشِ اعلیٰ ہو گیا

رفعتِ آقا تو دیکھو عرش ہے زیرِ قدم
دَر میرے سرکار کا کعبہ کا کعبہ ہو گیا

اُن سے اُلفت جس نے کی وہ لائقِ جنت ہوا
دشمنی کی جس نے وہ دوزخ کا کُندا ہو گیا

اُن کو آقا جان کر جو اُن کے در کا ہو گیا
وہ گدا ہو کر بھی سلطانوں کا آقا ہو گیا

چشمے پھوٹے انگلیوں سے سیر لشکر ہو گیا
مصطفیٰ ﷺ کا پنجہ پُر نورِ دریا ہو گیا

یہ خدا کی دین ہے موسیٰ کلیم اللہ ہوئے
اور محبوبِ خدا اِک کملی والا ہو گیا

اے سکندر سُن کے تیری نعت مومن خوش ہوئے
منکروں کے قلب میں اِک حشر برپا ہو گیا

Marfat.com

# دُرِّ یتیم

آن کا کوئی جواب نہ آن کا مثیل ہے
اُن سا کوئی حسین نہ آن سا جمیل ہے
سایہ بھی آن کے جسم کا ہمسر نہ بن سکا
یکتائی نبیؐ کی یہ روشن دلیل ہے
اللہ کا حبیبؐ بھی دُرِّ یتیم ہے
دُنیا کے ہر یتیم کا لیکن کفیل ہے
ہے رَفرَف حضورؐ وہاں پر بھی تیز دم
جس جا پہ ختم حَدّ پرِ جبرئیل ہے
مانا کہ دل ہمارا نحیف و حقیر ہے
پر اس میں جو مکیں ہے وہ مہمانِ جلیل ہے
رہتا ہوں ان کے سایۂ رحمت میں رات دن
خود جن کے سر پہ سایۂ ربِّ جلیل ہے
سامانِ آخرت کی سکندرؔ ہے جستجو
دُنیا کی زندگی تو متاعِ قلیل ہے

Marfat.com

# فیضانِ مدینہ

دَربارِ رسولِ اکرم میں۔ ہر راحت و نعمت ملتی ہے
آسائش دُنیا ملتی ہے۔ عقبیٰ کی مسرّت ملتی ہے

جو چیز بھی جس نے مانگی ملی۔ اے صلِّ علیٰ دَربارِ نبی
دُنیا کی بھی دولت ملتی ہے۔ ایمان کی بھی دولت ملتی ہے

وہ رحمتِ عالم کا دَر ہے۔ اُس در کی سخاوت کیا کہیئے
مانگے تو کوئی ان سے جاکر۔ دُنیا ہی میں جنّت ملتی ہے

پھرتا ہی نہیں مایوس کوئی۔ کرتے ہیں وہ سب کی دِلجوئی
منگتوں کی بھی جھولی بھرتی ہے۔ شاہوں کو بھی عظمت ملتی ہے

معبود حقیقی مُعطی ہے۔ محبوبِ الٰہی۔ قاسم ہیں
دُیتا تو ہر اک شے خالق ہے۔ پر ان کی بدولت ملتی ہے

مدّاحِ نبی کی قسمت بھی صَدرشکِ سکندر قسمت ہے
محبوبِ خدا کی مدحت سے معبود کی قربت ملتی ہے

Marfat.com

# یادِ محمدؐ

گنہ عاصی کے دُھلتے ہیں درِ طیبہؐ پہ جانے سے
خدا کی نعمتیں ملتی ہیں اِن کو اِس بہانے سے

محمدؐ مصطفےٰؐ قاسم ہیں خالق کے خزانوں کے
ملا کرتا بندوں کو انہیں کے آستانے سے

بغیر عشقِ محمدؐ ہو نہیں سکتا ولی کوئی
ولایت بھی تو ملتی ہے محمدؐ کے گھرانے سے

سکونِ قلب ملتا ہے ہمیں یادِ محمدؐ سے
گنہ دُھلتے ہیں ان کی یاد میں آنسو بہانے سے

قمر شرمندہ ہوتا ہے نبی کے روئے روشن سے
ستارے جھلملا اُٹھتے ہیں ان کے مُسکرانے سے

کرم ان کا سکندرؔ ہو تو پوری نعتؐ بن جائے
وگرنہ ایک مصرع بھی نہیں بنتا بنانے سے

Marfat.com

# حبیبِ عالی گھر

کسی نے حسنِ حبیبؐ حق کو گلوں میں برگ و شجر میں دیکھا
کسی نے نورِ محمدیؐ کو نمودِ شام و سحر میں دیکھا
کسی نے طیبہ کے سبز گنبد میں نور میرے نبیؐ کا دیکھا
کسی نے ان کی ضیاء کا جلوہ ضیائے شمس و قمر میں دیکھا

کسی نے عرشِ بریں پہ دیکھا کسی نے سدرے پر ان کو پایا
تمام نبیوںؑ نے آسماں پر مگر حلیمہؓ نے گھر میں پلتا دیکھا

وہ جس کو جبریلؑ کی نظر نے بہ شکل انجم کبھی تھا دیکھا
وہ نورِ اوّل بشان و عظمت بشر نے شکلِ بشر میں دیکھا

Marfat.com

جمالِ یوسفؑ جلال موسیٰؑ خصال آدم کمال عیسیٰ
تمام نبیوںؑ کا وصف یکجا حبیب عالی گہر میں دیکھا

جمالِ آقا کا عکس پایا جمالِ صدیقؓ باصفا میں
جلالِ سردارِ دو جہاں کو جلالِ حضرت عمرؓ میں دیکھا

نظر میں عثمانِؓ باحیا کی حیائے محبوبؐ حق کو دیکھا
شجاعت مصطفےٰ کا مظہر علیؓ کو خیبر کے در میں دیکھا

نظر مبارک ہے وہ سکندر کہ جس نظر نے مدینے جاکر
سحاب رحمت کی بارشوں کو دیارِ خیر البشر میں دیکھا

Marfat.com

# عظمتِ تاجدارِ حرم

یوں تو ہر فرد پہ ہے لُطف و عنایت تیری
اپنی اُمّت پہ مگر خاص ہے رحمت تیری

پردہ پوشی مرے ہر عیب کی ہو جاتی ہے
یا رسولِ عربیؐ ہے یہ عنایت تیری

دشمنِ جان پہ بھی الطاف و کرم کی بارش
یہ ترا خُلق ہے آقا یہ مُروّت تیری

ابنِ آدمؑ تری عظمت کا عُلو کیا جانے
رفعتِ عرش کی ہمعصر ہے عظمت تیری

تو وہ آقا ہے تری شان و کرم کے صدقے
ڈھونڈھتی پھرتی ہے منگتوں کو سخاوت تیری

ذرّہ ذرّہ ہے ثنا خواں ترا محبوبِ خدا
قُدسیٔ عرش کے لب پر بھی ہے مدحت تیری

تو نے توفیق جو دی اِس کو ثنا خوانی کی
ہے سکندؔر پہ یہی خاص عنایت تیری

Marfat.com

# تاجدارِ حرم

اے ضیائے حرم ترے قرباں
اے بہارِ قدیم ترے قرباں

آرزو ہے ہر ایک مومن کی
جائیں روضے پہ ہم ترے قرباں

اے مدینے کے والئ و آقا
تاجدارِ حرم ترے قرباں

ایک چھینٹا ادھر بھی رحمت کا
اے سحابِ کرم ترے قرباں

حشر میں میری لاج رکھ لینا
اے شفیعِ اُمم ترے قرباں

میرا مدفن بنے مدینے میں
اے قسیمِ ارم ترے قرباں

عام ہے ہم گنہ گاروں پر
ترا لطف و کرم ترے قرباں

اللہ اللہ یہ عظمت و رفعت
عرش زیرِ قدم ترے قرباں

تیرے ذرّوں میں بھی ہے رعنائی
اے دیارِ حرم ترے قرباں

تو نے بخشی ہے عرش کو زینت
مصطفٰےؐ کے قدم ترے قرباں

کر سکے کیا سکندرؔ عاصی
تیری مدحت رقم ترے قرباں

Marfat.com

# گنبدِ خضرا

ذکرِ شہِ بطحیٰ سے کلی دل کی کھلی ہے
کیا صلِّ علیٰ وجہ سکون نامِ نبیؐ ہے

ہے وِردِ زباں اسمِ محمّدؐ کا وظیفہ
اور جانبِ خضرا نگاہِ یاس لگی ہے

کس طرح نہ یاد آئے درِ ختمِ رسالت
تسکین مرے دل کو اسی در سے ملی ہے

آنکھوں میں مری ہیں حرمِ پاک کے جلوے
سینے میں میرے نامِ خدا یادِ نبیؐ ہے

مِل جائے اگر کوچہ محبوب میں مدفن
عاشق کے لئے جنّتِ فردوس یہی ہے

لِللہ کرم کیجئے مجھ پر میرے آقا
پھر دِل میں مدینے کی طلب جاگ اُٹھی ہے

ان چاند ستاروں میں کہاں ہوتی ہے تابش
اے بدر دجےٰ تیری کرن اِن پہ پڑی ہے

قسمت کا سکندر ہے تو لاریب سکندر
تجھ پر کرمِ خاص رسولِ عربیؐ ہے

Marfat.com

# بطحیٰ کی سرزمین

نگاہِ شوق کو تسکین بالیقیں ہوتی — جو روبرو مرے بطحیٰ کی سرزمیں ہوتی
کلی کلی مرے قلبِ حزیں کی کھِل جاتی — جو خم ریاضِ جناں پر مری جبیں ہوتی
دماغ عرشِ معلّیٰ پہ گامزن ہوتا — درِ رسول پہ جب خم مری جبیں ہوتی
عجب نہ تھا کہ بوقتِ سلام پیشِ نظر — شبیہہ پاک شہِ ختمِ مرسلیں ہوتی
بس ناز کرتا مقدّر پہ جا کے طیبہ میں — نجات روح کی گر جسم سے وہیں ہوتی
ملائکہ بھی جبین میری چومنے آتے — جو جالیوں سے کبھی مس مری جبیں ہوتی
میں اُن کے در کا بھکاری ہوں جنکے در سے کبھی — کسی سوال کو سُن کر نہیں نہیں ہوتی

سُناتا نعت سکندرؔ جو اُنکے روضے پر
تو قدسیوں کی زبانوں پہ آفریں ہوتی

Marfat.com

# ہیں گُنبدِ خضرا

## پر گنہگار کی نظریں

مسجود کی جانب ہیں پرستار کی نظریں
مطلوب پہ ہیں طالبِ دیدار کی نظریں

معبود پہ ہیں سیّدِ ابرار کی نظریں
محبوب پہ اللہ کی ہیں پیار کی نظریں
ہیں گُنبدِ خضرا پہ گنہگار کی نظریں

اِک غار میں ہیں محوِ فغاں رحمتِ عالم
اشکوں کی روانی سے ہیں رخسارِ نبی نم

اُمت کو مری بخشدے اصرار ہے پیہم
گو فرش پہ سر ہے مگر رفعت کا یہ عالم
قوسین کی منزل پہ ہیں سرکار کی نظریں

Marfat.com

نوُ بار گئے چرخ سے تا عرشِ معلّیٰ
محبوبِ خدا فخرِ دو عالم شبِ اسریٰ

لوٹاتے تھے ہر بار اسی واسطے موسیٰؑ
اُن جلوؤں کے دیدار سے دِل کو کروں ٹھنڈا
جِن جلوؤں سے معمور ہیں سرکار کی نظریں

تسکین خدارا دل مضطر کو عطا ہو
ایک بار اسے بھی رُخِ پُر نور دکھا دو

ہاں آج اسے شربتِ دیدار پلا دو
اب اس کی یہ حسرتِ دمِ آخر تو مٹا دو
رب بند ہوئی جاتی ہیں بیمار کی نظریں

Marfat.com

یہ بخت کی رفعت ہے کہ معراج بشر ہے
زانو پہ ابو بکرؓ کے محبوبؐ کا سر ہے
جس عارضِ پُر نور پہ قربان قمر ہے
صدیقؓ کی اس عارضِ انور پہ نظر ہے
صدقے ہوئی جاتی ہیں وفادار کی نظریں

لِلّٰہ تو ہی بادِ صبا، مجھ پہ کرم کر
سلطانِ مدینہؐ سے یہ کہدے ابھی جاکر
فرقت میں شب و روز تڑپتا ہے سکندرؔ
معذور ہے در پر تیرے آنے سے یہ کمتر
بے چین ہیں دیدار کو نادار کی نظریں

Marfat.com

# شہ بطحا

یہ ان کی ثنا خوانی و مدحت کا اثر ہے
پرُنور مری نورِ محمدؐ سے نظر ہے

دامن ہے میرے ہاتھ میں سُلطانِ عرب کا
اب قبر کی دہشت نہ مجھے حشر کا ڈر ہے

بے جا نہیں گر کہدوں کہ ہے سینہ مدینہؐ
سینے میں مرے سیدِ کونینؐ کا گھر ہے

درِ ختمِ رسالتؐ کا ہے گنجینۂ رحمت
عظمت ہے سوا عرش سے جس کی یہ وہ دَر ہے

ہیں گنبدِ خضرا میں مکیں رحمتِ عالم
کونین کی ہر چیز مگر زیرِ نظر ہے

اے خاکِ مدینہ تری قسمت کے میں صدقے
تو رحمتِ کونین کی منظورِ نظر ہے

میں سگ ہوں درِ ختمِ رسالت کا سکندر
محفل میں اِسی فخر سے اُونچا مرا سر ہے

Marfat.com

# شاہِ اُمم

میں بھی آرام گہہ ساقیٔ کوثر دیکھوں
اپنی قسمت کے ستارے کو منوّر دیکھوں

اِتنا ہو جائے کرم مجھ پہ اے سلطانِ اُمم
آکے طیبہؐ میں ترا روضۂ اطہر دیکھوں

جس پہ فردوس وجناں کی ہیں بہاریں صدقے
سبز گنبد کے مکیں میں بھی وہ منظر دیکھوں

اِن گنہگار نگاہوں کے گنہ دُھل جائیں
بابِ جبریلؑ سے رحمت کا سمندر دیکھوں

دِل کا نذرانہ کروں پیش جُھکا کر نظریں
گوہرِ اشک شہا کر کے نچھاور دیکھوں

نزع کے وقت جو اِمداد کو آئیں آقا
آخری وقت جمالِ رُخِ انور دیکھوں

وہ بھی دن آئے سکندؔر کہ اُحد پر جاکر
اپنا خود اَوجِ ثریا پہ مقدّر دیکھوں

Marfat.com

# حیاتُ النبیؐ

قربان ان کے نام پہ گر زندگی نہیں
دعوائے عاشقی ہے غلط عاشقی نہیں

مُردہ ہے اُس کا دِل بھی نظر بھی خیال بھی
وہ جس کے دل میں عشقِ حیات النبی نہیں

دِل میں اگر ہے اُلفتِ محبوبؐ کی کمی
ایماں میں بھی خدا کی قسم پختگی نہیں

کیا اس کے دِل میں حُبِّ نبیؐ کا خمار ہو
میخانۂ الست سے مے جس نے پی نہیں

صدیقؓ کی نظر سے رُخِ مصطفےٰ کو دیکھ
بوجہل کی نگاہ میں وہ روشنی نہیں

ہوتا ہے فیض یاب ہر ایک ان کے فیض سے
سرکار کے یہاں کسی شے کی کمی نہیں

بطحیٰ کے چاند میں جو سکندؔ ہے دلکشی
وہ ماہتابِ چرخ میں بھی دلکشی نہیں

Marfat.com

اللہ

# بعثت مصطفیٰ!

خدا جانتا ہے محمد کا رُتبہ کوئی اور کیا مرتبہ اُن کا جانے
ہے دوشِ مبارک پر سادی سی کملی تو زیرِ قدم دو جہاں کے خزانے

وہ نورِ خدا ہیں سحابِ کرم ہیں، حیات النبیؐ اور فخرِ اُمم ہیں
مرا اِس عقیدے پر ایمانِ کامل کوئی اِس حقیقت کو مانے نہ مانے

میرے دل کی تسکین کا ساماں یہی ہے مرے دردِ ہجراں کا درماں یہی ہے
میرے کملی والے کی مدحت بیاں کر سُنا کچھ دیارِ حرم کے فسانے

کوئی اُن کا شیدا تصوّر میں اُن کے چلا جا رہا ہے خراماں خراماں
نگاہوں میں بطحیٰؐ کی رنگینیاں ہیں زباں پر ہیں صلِّ علیٰ کے ترانے

خدارا دُکھے دل کی حسرت نکالو سکندرؔ کو روضے پر آقا بلالو
خدا جانے کب چھوڑ دے روح تن کو چراغِ سحر کب لگے جھلملانے

Marfat.com

# کیونکہ رد نامِ محمدؐ

## سے بلا ہوتی ہے

جب خلش یادِ محمدؐ میں سوا ہوتی ہے
دل یہ کہتا ہے مرے غم کی دوا ہوتی ہے

وِرد رکھ نامِ مبارک کا وظیفہ ہر دم
کیونکہ ردِ نامِ محمد سے بلا ہوتی ہے

پیشوائی کے لئے آتی ہیں اُسکے حوریں
جسکی قسمت میں مدینے کی قضا ہوتی ہے

مال و دولت ہو کہ آسائشِ خلد و کوثر
ان کی سرکار سے ہر چیز عطا ہوتی ہے

میری آنکھوں سے ٹپکتے ہیں ندامت کے گہر
جب مرے پیشِ نظر میری خطا ہوتی ہے

واسطہ دیکے جو احمد کا احد سے مانگے
اسکی مقبول بہر حال دعا ہوتی ہے

اے سکندر وہاں آتے ہیں فلک سے قدسی
جس جگہ محفلِ محبوبِ خدا ہوتی ہے

Marfat.com

# فریاد

دے رہا ہے صدا ایک بھکاری
سُن لو فریاد آقا ہماری

اب تو فرقت میں آقا تمہاری — ہو گئی ہے سوا بے قراری
کرتا رہتا ہوں دن بھر میں زاری — شب کو کرتا ہوں اختر شماری
رات رو رو کے کٹتی ہے ساری
سُن لو فریاد آقا ہماری

آپ ہی رحمتِ دو جہاں ہیں — ساری مخلوق کے پاسباں ہیں
مونس و حامیٔ بےکساں ہیں — ہمدم مجرم و عاصیاں ہیں
آپ کا کام ہے غم گساری
سُن لو فریاد آقا ہماری

اے رسولوں کے سردار و خاتم — اے حبیبِ خدا فخرِ آدم
فرش سے تا بہ عرشِ معظم — آپ کے نام کا جانِ عالم
دونوں عالم میں سکہ ہے جاری
سُن لو فریاد آقا ہماری

Marfat.com

آپ محبوبِ ربّ العلا ہیں — دونوں عالم کے فرماں روا ہیں،
آپ ہی خلق کے پیشوا ہیں — آپ ہی سرورِ انبیاء ہیں

آپ کی ملک ہے خلق ساری
سُن لو فریاد آقا ہماری

آپ والشمس ہیں والضحیٰ ہیں — رحمتِ حق ہیں مشکل کشا ہیں
بے سہاروں کے حاجت روا ہیں — غمزدوں کے دلوں کی دوا ہیں،

آپ پر خاص ہے لطفِ باری
سُن لو فریاد آقا ہماری

مجھ کو قدموں میں اپنے بُلا لو — دامنِ عافیت میں چھُپا لو
اپنے بد کو بدی سے بچا لو — معصیت کے بھنور سے نکالو

عمر گذری گناہوں میں ساری
سُن لو فریاد آقا ہماری

ایک تنہا نہیں یہ سکندرؔ — آپ کے در کا سائل اے سرور
بادشاہ و غریب و تونگر — حاضری دیتے ہیں سر جھُکا کر

آپ کے دَر کے سب ہیں بھکاری
سُن لو فریاد آقا ہماری

Marfat.com

# سیّدِ ابرارؐ

ہو جائے اگر خواب میں دیدار تمہارا
اچھا ابھی ہو جائے یہ بیمار تمہارا

کس طرح پسند آئے کوئی ثانیٔ یوسفؑ
یہ دِل تو ازل سے ہے طلب گار تمہارا

اے فخرِ رُسل نورِ خدا فخرِ دوعالم
اللہ کا دیدار ہے دیدار تمہارا

مانا کہ خریدار تھی یوسف کی خدائی
ہے خالقِ کونین خریدار تمہارا

اِک روئے زمیں پر ہی نہیں ذکر تمہارا
چرچا ہے سرِ عرش بھی سرکار تمہارا

انسان کے لئے مشعلِ نوری کی ضیاء ہے
ہر نقشِ قدم سیّدِ ابرار تمہارا

افلاک تو کیا عرش کی زینت کا سبب ہے
ہر ذرہ نعلینِ پُر انوار تمہارا

ٹکڑوں پہ تمہارے ہی سکندر کی گذر ہے
یہ عاصی و خاطی ہے نمک خوار تمہارا

Marfat.com

# دامانِ رحمت

رُخِ زیبا تمامی خلق کو بھایا محمدؐ کا
خدا کو بھی قدِ موزوں پسند آیا محمدؐ کا

بشر حور و ملک غلمان ولی غوثؓ و قطب رضوانؑ
جسے دیکھا وہی شیدا نظر آیا محمدؐ کا

نہ اُس عالم میں خالق نے بتایا انکا ہمسر تک
کیا پیدا نہ اِس عالم میں ہم پایہ محمدؐ کا

زمیں پر زیرِ سایہ رحمتِ حق جسمِ اطہر ہے
سحابِ قدس کے سائے میں ہے سایہ محمدؐ کا

حبیبِ پاک کا میلاد ہے خوشنودیِ خالق
جبھی نبیوںؑ سے بھی میلاد پڑھوایا محمدؐ کا

زمین و آسماں شمس و قمر روشن ستاروں سے
سجا کر بزمِ امکاں جشن منوایا محمدؐ کا

خدا جانے دلوں پر منکروں کے کیا گزرتی ہے
لگاتے ہیں جو ہم محفل میں نعرہ یا محمدؐ کا

متاعِ قیصری اسکی نظر میں ہیچ حقیقت ہے
کہ جس خوش بخت نے قسمت سے در پایا محمدؐ کا

تھمیں موجیں رُکا طوفاں لگی کشتی کنارے سے
بھنور میں جب زباں پر میری نام آیا محمدؐ کا

سکندر جو رہیں گے منسلکِ دامانِ رحمت سے
سروں پر اُن کے ہوگا حشر میں سایہ محمدؐ کا

Marfat.com

# ہجرِ سرکارؐ

بارک اللہ ان کا یہ لطف و کرم
سُن کے نامِ نبیؐ دل دھڑکنے لگا

ذکرِ پیہم سے سُلطانِ کونینؐ کے
شعلۂ عشق دِل میں بھڑکنے لگا

یاد آئی شبِ ہجرِ سرکارؐ کی
بے کلی بڑھ گئی قلبِ بیمار کی

عالم بے قراری میں جیسے نمک
کوئی زخموں پر مرے چھڑکنے لگا

اُن کے جلووں کا لاریب ہے یہ اثر
ماہ و انجم درخشاں ہوئے چرخ پہ

پرتوِ حسن اُن کا پڑا فرش پر
ذرّہ ذرّہ زمیں کا چمکنے لگا

اللہ اللہ دیارِ نبیؐ کی کشش
اللہ اللہ لقائے نبیؐ کی خلش

سُن کے بطحیٰؐ کے گلزار کی داستاں
طائرِ دل قفس میں پھڑکنے لگا

اے سکندرؔ نبی کا ہوا جب کرم
دور سب ہو گئے فکرِ رنج و الم

باغِ مدحت میں رکھا جو میں نے قدم
قلبِ بُلبُل کی طرح چہکنے لگا

Marfat.com

# نظر ملے تو عمرؓ

## بھی غلام ہو جائے

دیارِ پاک میں جس کا قیام ہو جائے
یقین ہے اُس پہ جہنّم حرام ہو جائے

وہ دل خدا کی قسم جلوہ گاہِ خالق ہے
کہ جس پہ نقشِ محمدؐ کا نام ہو جائے

بہشت چیز ہے کیا ساری کائنات اُسکی
جو صدقِ دل سے نبیؐ کا غلام ہو جائے

پھر اُس کی عظمت و پاکیزگی کا کیا کہنا
زبان جو وقفِ درود سلام ہو جائے

نشان پا نہ سکے جس کا جبریلؑ امیں
تعیّن اس کا بھلا کیوں مقام ہو جائے

زباں ہلے تو مسلمان ہو دلِ صدیقؓ
نظر ملے تو عمرؓ بھی غلام ہو جائے

لکھا کرے سحر و شام ہی سکندر نعت
حیات نعتِ نبیؐ میں تمام ہو جائے

Marfat.com

# فدائے منقبت

## چار یارؓ ہم بھی ہیں

غریب بندوں میں پروردگار ہم بھی ہیں
تیرے حبیبؐ پہ دل سے نثار ہم بھی ہیں

ہمیں بھی ناز ہے خالق تری کریمی پر
غلامِ شافعِ روزِ شمار ہم بھی ہیں

درِ حضور پہ ہر اُمتی کی ہے یہ صدا
نگاہِ لُطف کے اُمید وار ہم بھی ہیں

ہمارے دل میں بھی ہے اُلفتِ رسولِ کریم
نبیؐ کے ہجر میں تو بے قرار ہم بھی ہیں

ترس رہے ہیں زیارت کو سبز گنبد کی
فدائے روضۂ عالی وقار ہم بھی ہیں

صدا سُنی ہے سکندر نے قدسیوں کی یہ
فدائے منقبت چار یارؓ ہم بھی ہیں

Marfat.com

# وہ مینار ہے

## جس میں زینہ نہیں ہے

وہ پتھر ہے دِل آبگینہ نہیں ہے
کہ جس دل میں شوقِ مدینہ نہیں ہے

نہیں جس میں محفوظ یادِ محمدؐ
وہ سینہ مسلمان کا سینہ نہیں ہے

جمالِ محمدؐ نہیں حسنِ یوسفؑ
درِ مصطفےٰؐ طورِ سینا نہیں ہے

مرے ان کے در پر جئے دُور رہ کر
وہ مرنا نہیں ہے یہ جینا نہیں ہے

جو جاتا ہے پیتا ہے جامِ محبت
وہ کیا جائے گا جس کو پینا نہیں ہے

بلا عشق احمدؐ خدا تک رسائی
وہ مینار ہے جس میں زینہ نہیں ہے

پڑھے جن کا کلمہ بنے ان کا ہمسر
یہ اہلِ یقین کا قرینہ نہیں ہے

خدا کے خزانے میں واللہ سکندرؔ
محمدؐ سے بہتر نگینہ نہیں ہے

Marfat.com

# فخرِ ماہتاب

جمالِ روئے نبیؐ ماہتاب سے بہتر
پسینہ آپ کا مشک و گلاب سے بہتر
نہ عرشیوں میں ہے افضل حبیبؐ حق سے کوئی
نہ فرشیوں میں رسالت مآبؐ سے بہتر
بلالؓ تیری نظر کے نثار ہو جاؤں
تری پسند ہے ہر انتخاب سے بہتر
غبار راہِ مدینہؐ نظر کا سُرمہ ہے
وہاں کا آب جہاں بھر کے آب سے بہتر
وہاں کے پھول کی تعریف کس زباں سے کروں
وہاں کے خار یہاں کے گلاب سے بہتر
وطن بھی ان کا نرالا ہے دو نوں عالم سے
وہاں کا ذرّۂ گلِ آفتاب سے بہتر
مجھے ہے فخر سکندرؔ غلامی شہ پر
کوئی جناب نہیں اِس جناب سے بہتر

Marfat.com

# مدینے والے
## میں قربان

مدینے والے میں قربان
مدینے والے میں قربان

گیسوئے مشکیں چاند سا مکھڑا
جسمِ مبارک نور کا ٹکڑا
کالی کملیا اوڑھ کے تیری
بڑھ جاتی ہے شان

مدینے والے میں قربان

نوح و قلم میں بحر میں بر میں
حسن ہے تیرا شمس و قمر میں
عرشِ بریں کے نیرِّ اعظم
خالق کے مہمان

مدینے والے میں قربان

حق نے تمہیں بے مثل بنایا
رکھا نہ نوری جسم کا سایا
تاجِ شفاعت سر پہ سجایا
دو جگ کے سلطان

مدینے والے میں قربان

جن و ملک ہیں تابعِ فرمان
قاصد تیرا ہے جبریلؑ
صدیقؓ و فاروقؓ عثمانؓ و حیدرؓ
وزراء عالی شان

مدینے والے میں قربان

ہے یہ سکندر ہجر میں مضطر
خاک اڑاتا پھرتا ہے در در
اس پر کرم ہو ساقیِ کوثر
طیبہ کے سلطان

مدینے والے میں قربان

Marfat.com

# معراجِ بشر

تسکینِ دل و جاں ہے سکوں بخش نظر ہے
فردوس بداماں مرے سرکار کا در ہے

بھر جاتا ہے رحمت سے وہاں دامنِ سائل
رحمت کا خزینہ شہِ ابرار کا در ہے

سینہ ہے مرا یادِ محمد سے درخشاں
روشن اُسی جلوے سے یہ دل اور جگر ہے

اُس شاہ کا دربار دکھا ہم کو بھی یا رب
خم جس کے درِ پاک پہ جبریلؑ کا سر ہے

بس دو ہی ٹھکانوں پہ ہے منگتوں کا گذارہ
اک در ہے محمدؐ کا اک اللہ کا گھر ہے

مقبول ہے سجدہ اُسی سر کا مرے رب کو
خم سیدِ ابرار کی چوکھٹ پہ جو سر ہے

وہ حسن ہے سردارِ دو عالم کا واللہ
صدقے ہے اگر شمس تو قربان قمر ہے

معبود کا دیدار تھی معراجِ محمدؐ
محبوب کا دیدار یہ معراجِ بشر ہے

کام آئیں گی محشر میں سکندؔ سا مری نعتیں
عقبیٰ کے لئے بس یہی اک زادِ سفر ہے

Marfat.com

# تمہارا نام تو ہے

## اسمِ اعظم یا رسولؐ اللہ

تمہارا نام نامی اسمِ اعظم یا رسولؐ اللہ
تمہاری ذاتِ اقدس فخرِ آدم یا رسولؐ اللہ

تمہیں سے رونق فرشِ زمیں ہے سرورِ عالمؐ
تمہیں ہو زینتِ عرشِ معظّم یا رسولؐ اللہ

ہے سرمصروفِ سجدہ ریزیٔ خلّاقِ کل عالم
جبینِ شوق ہے در پر تیرے خم یا رسولؐ اللہ

تمہیں ہو روحِ ایمانِ مغزِ قرآن شافعِ محشر
تمہیں ہو ہاں تمہیں جانِ دو عالم یا رسولؐ اللہ

تمہیں ہو بادشاہوں کے بھی سر پر سایۂ رحمت
تمہیں ہو فاقہ مستوں کے بھی ہمدم یا رسولؐ اللہ

Marfat.com

تمہارا ہوں تمہارا ہی رہوں گا تم سے مانگوں گا
کروں کیوں غیر کے در پر جبیں خم یا رسولؐ اللہ
میں سمجھوں گا حیاتِ جاودانی مل گئی مجھ کو
جو نکلے آپ کے در پر مرا دم یا رسولؐ اللہ
بھڑکتی ہے تمہارے عشق کی جو آگ سینے میں
نہ ہو یہ عمر بھر دل سے مرے کم یا رسولؐ اللہ
ہمیشہ وِرد رکھتا ہے سکندر نام نامی کو
تمہارا نام تو ہے اسمِ اعظم یا رسول اللہ

Marfat.com

# مشکِ ختن

ہو روحِ گلاب و حنا ہو تم

موجِ نسیمِ گلشن صدق و صفا ہو تم
جانِ بہار رونق بزمِ وفا ہو تم

تخلیقِ کائنات ہوئی جسکے نور سے
یا مصطفٰے وہ منبع نورِ خدا ہو تم

ہم مجرموں پہ سایۂ رحمت تمہاری ذات
کیونکہ سحابِ رحمت ربّ العلا ہو تم

حق ربّ العالمین ہے تم رحمتِ جہاں
خالق کے بعد خلق کے مشکل کشا ہو تم

لطفِ خدا سے تم بھی رؤف الرحیم ہو
بے شک خدا نہیں ہو حبیبِ خدا ہو تم

تا عرش ہیں تمہاری حکومت کے غلغلے
رعیّت ہے خلق اور شہِ ہر دوسرا ہو تم

رکھتے ہیں اپنے ورد میں سُنّی درود تاج
فضلِ خدا سے دافعِ رنج و بلا ہو تم

بوبکرؓ اور عمرؓ غنیؓ عثمانؓ و بوتراب
پرتو ہیں یہ تمہارا سراپا ضیا ہو تم

جس سمت سے گزر گئے کوچے مہک گئے
مشکِ ختن ہو روحِ گلاب و حنا ہو تم

قرآن کہہ رہا ہے جسے راہِ مستقیم
وہ خود تمہاری ذات ہے خود رہنما ہو تم

جس قلب پر نظر پڑی آئینہ بن گیا
کفر و عناد چھٹ گیا ایسی جِلا ہو تم

دوزخ کی آگ سے ہو سکندرؔ کو خوف کیا
اس کی نگاہ و قلب میں جلوہ نما ہو تم

Marfat.com

# ذکرِ مصطفیٰ ﷺ

حسنِ رسولِ پاک عدیم المثال ہے | شہکارِ بے نظیر ید ذوالجلال ہے
خالق کے نورِ پاک کے مظہر ہیں مصطفیٰ | ہر جزوِ کائنات میں انکا جمال ہے
مدحت کرے رقم یہ کہاں طاقتِ قلم | تعریف ہو زباں سے بیاں یہ محال ہے
کرتا ہے ذکر انکا خدا خود بھی اِس لئے | ذکرِ شفیع روزِ جزا لازوال ہے
دعویٰ ہمسری کرے سرکار کی کرے | یہ جرأت بشر نہ ملک کی مجال ہے
کرتے ہیں انکے نام پہ جو جان و دل فدا | انکی نظر میں دولتِ دنیا وبال ہے
محبوبِ حق کے ہو گئے محبوبِ بے نظیر | یہ قسمتِ اویسؓ یہ بختِ بلالؓ ہے

اب تک نہ آسکا جو سکندر سلام کو
آقا اِسی کا رنج اِسی کا ملال ہے

Marfat.com

# اِنعامِ مُحبّت

تِری یاد دِل کا سکون ہے ترا ذکر رحمت عام ہے
کہ خدا کے بعد بُزرگ تر تری ذات ہے ترا نام ہے

تو امین ہے تو عتیق ہے، تو رفیق ہے تو خلیق ہے
تو ہر اک دل کا شفیق ہے تِری شانِ خیر الانام ہے

تو خدا کا پیارا حبیب ہے تو خدا سے اتنا قریب ہے
کہ خدا کے نام کے ساتھ ہی تیرا کندہ عرش پہ نام ہے

تِری رفعتوں کا شمار کیا کوئی کر سکے اے شہ دنیٰ
کہ مقام سدرۃ المنتہیٰ سے بلند تیرا مقام ہے

تری ہر ادا مرے پیشوا ہے قبول بارگہ خدا
جو زبان سے تیری ادا ہوا، بخدا وہ رب کا کلام ہے

تیرے نام پر جو فدا ہوا وہ شہید راہِ خدا ہوا
اُسے بعد مرگ ملی بقا ترے عشق کا یہ انعام ہے

میں گدا ہوں جن کے دیار کا اے سکندر انکا کرم ہے یہ
مرے دِل میں عشقِ رسول ہے، مرے لب پہ نعت و سلام ہے

Marfat.com

# تعظیم کریں کیوں نہ غلامانِ محمدؐ

بندے سے بھلا کیا ہو بیاں شانِ محمدؐ  ہر شے ہے دو عالمؐ کی ثنا خوانِ محمدؐ
خود خالقِ اکبر ہے ثنا خوانِ محمدؐ

محسوس ہو کیونکر تپشِ مہرِ قیامت  محشر میں ہوں کس لئے محروم شفاعت
ہے سر پہ مرے سایۂ دامانِ محمدؐ

اللہ نے رتبے کو محمد کے بڑھایا  معراج کی شب عرشِ معلی پہ بلایا
اللہ رے یہ مرتبہ و شانِ محمدؐ

جھکتے ہیں سلامی کیلئے ان کی شجر بھی  دو ٹکڑے ہوا ایک اشارے سے قمر بھی
ہے خلقِ خدا تابعِ فرمانِ محمدؐ

سورج میں چمک تاروں میں جب انکی ضیا ہے  جب انکی سلامی کیلئے عرشِ جھکا ہے
تعظیم کریں کیوں نہ غلامانِ محمدؐ

جو عشقِ محمدؐ میں لٹا دیتے ہیں گھر کو  ناموس محمدؐ پہ کٹا دیتے ہیں سر کو
ہے نام انہیں کا تو غلامانِ محمدؐ

اک مجمع عشاقِ نبیؐ ہے لبِ کوثر  بھر بھر کے دیئے جاتے ہیں وہ جام سکندر
اللہ دغنی حشر میں فیضانِ محمدؐ

Marfat.com

# رسولِ گرامی

ہر اک دل میں حبّ لقا آپکی ہے
ہر اک لب پہ مدح و ثنا آپ کی ہے

مسلمان کا دل آپکا ہے ثنا خواں
یہ رحمت بفضلِ خدا آپ کی ہے

ہر اک غنچہ و گُل میں بو آپکی ہے
نجوم و قمر میں ضیاء آپ کی ہے

خدائی نہ کیوں آپ پر ہو تصدّق
پسندِ خدا ہر ادا آپ کی ہے

نہیں کوثر و خلد ہی پر فقط بس
یہ کونین کُل مصطفےٰ آپ کی ہے

خدا آپ کی بات کو کیوں کرے رَد
کہ منظورِ رب کو رضا آپ کی ہے

کھلاتے ہیں غیروں کو خود رہ کے بھوکے
یہ سرکارؐ جود و سخا آپ کی ہے

رسولوں کے سلطان رسولِ گرامی
ہر اک بات معجز نما آپ کی ہے

سکندر کی شیریں زبانی میں آقا
کرم آپ کا ہے عطا آپ کی ہے

Marfat.com

# نعتِ نبیؐ

نورِ خدائے پاک کا قلب کو گھر بنائے جا
ذکرِ رسولِ پاکؐ سے سینے کو جگمگائے جا
دل تو ابھی ہے مضطرب ترے کرم کے میں نثار
سیری مری ہوئی نہیں ساقی ابھی پلائے جا
جس میں ہو وصفِ مجتبیٰؐ جس میں ہو نعتِ مصطفےٰؐ
بلبلِ گلشنِ ثنا نغمۂ وہ ہی سنائے جا
سجدوں پہ کر نہ ناز تو آقا ہیں وہ ایاز تو
اُن کے درِ نیاز پر اپنی جبیں جھکائے جا
وَصل کی کر نہ آرزو عشق ہے خام ابھی ترا
آتشِ ہجرِ یار میں قلب و جگر جلائے جا
جلتا ہے دل تو غم نہ کر یادِ نبیؐ کو کم نہ کر
آنسو بہا کے چشم سے دل کی لگی بجھائے جا
ان پہ لٹا کے ہر خوشی اپنی گذار زندگی
آنکھوں سے خون بہائے جا ہونٹوں سے مسکرائے جا
سُن اے سکندرِ حزیں آنی ہے موت بالیقیں
حسنِ حیات کے لئے نعتِ نبیؐ سنائے جا

Marfat.com

# زمین کا چاند

کیسا خدّام محمدؐ نے مقدّر پایا
دستگیری کے لئے شافعِ محشر پایا
دونوں عالم سے حسین فخرِ رسل جانِ جہاں
خاص معبود کا محبوبؐ پیمبر پایا
جس کا ثانی نہیں خالق کے خزانوں میں کوئی
بخدا اُمّتِ احمدؐ نے وہ گوہر پایا
جس کے جلوؤں سے ضیاء بار ہیں سارے عالم
ڈھونڈھنے والوں نے وہ چاند زمیں پر پایا
روز و شب آتے ہیں ملکوت سلامی کو جہاں
اے خوشا بخت کہ ہم نے بھی وہی در پایا
زائرِ طیبہ کو ایسا نہ سکوں ہاتھ آیا
جو سکون روضۂ پُر نور پہ جاکر پایا
ہو گئے زمرہ خدّام نبیؐ میں شامل
نعتؐ گوئی کا صلہ تم نے سکندر پایا

Marfat.com

# یٰسین و طٰہٰ

اُلفت سے رسولِ اکرم کی پُرنور ہمارا دل کر دے
انوارِ محمدؐ دیکھ سکوں آنکھوں کو تو اس قابل کر دے

پھر دَور ہو دَورِ صدّیقیؓ پھر عہد ہو عہدِ فاروقیؓ
اسلام کو پھر غالب کر دے مغلوب ہر اک باطل کر دے

عثمانِ غنیؓ کے صدقے میں ہم کو بھی حیا کی دولت دے
حیدرؓ کے تصدّق میں مولیٰ ایمان مرا کامل کر دے

بوذرؓ یا بلالِ حبشیؓ سا دیوانہ بنا دے ہم کو بھی
یٰسین و طٰہٰ پر مالک تن من سے ہمیں مائل کر دے

صحرائے عرب کے ذرّوں کو منزل کا نشاں کر دے یارب
دیارِ نبیؐ کی چوکھٹ کو یارب تو میری منزل کر دے

اے نوح کی کشتی کو زد سے طوفان کی بچا لینے والے
کشتی پہ سکندرؔ کی داتا کر رحم لبِ ساحل کر دے

---

Marfat.com

# تصوّر میں شانِ

## خُدا دیکھتا ہوں

تصوّر میں شانِ خدا دیکھتا ہوں
مدینے کی نوری فضا، دیکھتا ہوں

وہ کعبہ سے بھی جس کی عظمت ہے افضل
درِ خاتمُ الانبیاء دیکھتا ہوں

جدھر دیکھتا ہوں دیارِ نبیؐ میں
جمالِ حبیبِؐ خدا دیکھتا ہوں

معطر معنبر فضا، روح پرور
ہر اک سمت صلِّ علیٰ دیکھتا ہوں

ہے پیشِ نظر سبز گنبد کی جالی
سُنہری سُنہری ضیاء دیکھتا ہوں

ہے سینے میں دل، دل میں ہیں انکے جلوے
اک آئینہ در آئینہ دیکھتا ہوں

خدا جس کا عاشق ملک جس کے شیدا
وہ حسنِ شفیعُ الوریٰ دیکھتا ہوں

ادب سے جہاں قدسیوں کے ہیں سر خم
وہ دربارِ خیرالوریٰ دیکھتا ہوں

محمدؐ کا اسمِ مبارک سکندرؔ
سرِ عرشِ اعظم لکھا دیکھتا ہوں

Marfat.com

# مدینے

## رشکِ جہاں اللہ اللہ

کہاں نعت فخرِ زماں اللہ اللہ
کہاں آہ میری زباں اللہ اللہ

ثنا اپنے قرآن میں محبوبؐ کی خود
خدا کر رہا ہے بیاں اللہ اللہ

انہیں سے ہے قائم بہارِ دو عالم
بہاروں کے آقا ہیں جاں اللہ اللہ

صداقت کا صدیقِؓ اکبر ہیں پر تو
وہ صدیقیت کی ہیں جاں اللہ اللہ

نگاہِ کرم سے عمرؓ کو بنایا
عدالت کا روحِ رواں اللہ اللہ

بنا دیں غنیؓ ابن عفان کو وہ
سخاوت کا سیلِ رواں اللہ اللہ

نمازِ علیؓ کس طرح سے قضا ہو
ہے مغرب سے سورج عیاں اللہ اللہ

سُراقہ کے ہاتھوں میں کسریٰ کے کنگن
ہے بر حق نبی کی زباں اللہ اللہ

نگاہِ مسلماں میں بیشک سکندر
مدینہ ہے رشکِ جناں اللہ اللہ

Marfat.com

# حسرت دیدار حرم

Marfat.com

# آرزو

نہ تختِ سلیمانؑ کی خواہش ہے مجھ کو — نہ واللہ میں جامِ جم چاہتا ہوں
مگر ہاں پسِ مرگ اے ربِّ کریم — میں دو گز زمیں حرم چاہتا ہوں
مدینے کی دو گز زمیں ہو میسّر — چمک جائے بے شبہ میرا مقدّر
بسر کرنی یہ عمرِ دو روزہ اپنی — محمدؐ کے زیرِ قدم چاہتا ہوں
میں کیوں جاؤں شاہانِ دنیا کے در پر — کہ آقا ہیں میرے مدینے کے سرور
ہے کونین کی جن کے قدموں میں دولت — میں ان کی نگاہِ کرم چاہتا ہوں
تصوّر میں وہ روئے زیبا دکھا دیں — مجھے خواب ہی میں وہ جلوہ دکھا دیں
تڑپتا ہوں ہجرِ شفیع الوریٰؐ میں — میں دیدار شاہِ اممؐ چاہتا ہوں
محمدؐ کا آلِ محمدؐ کا صدقہ — رسولِ مکرّم کے گنبد کا صدقہ
میں سر کو جھکا کر ترے آستاں پر — ترا آج فضلِ اتم چاہتا ہوں
کٹے عمر میری غلامی میں اُن کی — مجھے موت آئے تو قدموں میں اُنکے

یہی آرزو ہے۔ میری اے سکندرؔ
یہی میں خدا کی قسم چاہتا ہوں

Marfat.com

# حبیبِ اکرمؐ

گذر مدینے میں گر ایک بار ہو جائے
تو پُر سکون دلِ بے قرار ہو جائے
خوشی سے جھوم اُٹھے قلبِ ناتواں میرا
خزاں رسیدہ چمن پر بہار ہو جائے
نظارہ مجھ کو بھی سرکار کے مدینے کا
میری حیات میں پروردگار ہو جائے
یقین جانو کہ بن جائے زندگی میری
جو ان کے در پہ میری جان نثار ہو جائے
سند غلامی کی مل جائے ان کے در سے جسے
جہان فقر کا وہ تاجدار ہو جائے
اتار دے اسے ترشی یہ غیر ممکن ہے
شراب عشق کا جس کو خمار ہو جائے
پکڑ لے ان کا جو دامن تو بحرِ عصیاں کیا
وہ پُل صراط سے بھی پل میں پار ہو جائے
الٰہی قبر سکندر میں روشنی کے لئے
نبیؐ کا عشق چراغِ مزار ہو جائے

Marfat.com

# رحمتِ عالم

یہی ہے میری حسرت آرزو بھی ہے یہی میری
کہ ہو جائے درِ خیرالوریٰ پہ حاضری میری

ارادہ کرتا رہتا ہوں میں طیبہ میں پہنچنے کا
مگر مجبور کر دیتی ہے مجھ کو مُفلسی میری

ہے میرے دل میں روز و شب خیالِ گنبدِ خضرا
اُس کی روشنی تو ہے شریکِ زندگی میری

کرم پھر کیوں نہ فرمائیں گے مجھ پر رحمتِ عالم
جبیں جب ہو گی در پر خم بہ شانِ عاجزی میری

ہے مُشکل پیاس بجھنی ہجر کی شب چشمِ پُرنم سے
مٹے گی شربتِ دیدِ نبیؐ سے تشنگی میری

میں لے لیتا ہوں ان کا نام جو فرطِ عقیدت سے
یہی ہے میرا نذرانہ یہی ہے بندگی میری

ھلالِ عید کے بدلے میں جب دیکھوں گا روضے کو
تب ہی ہو گی سکندرؔ درحقیقت عید بھی میری

Marfat.com

# شاہِ مدینہ

بُلا لیں شاہِ مدینہ اگر مدینے میں
تو لطف آنے لگے پھر مجھے بھی جینے میں

رہے نہ عظمت خاقان کی آرزو دل میں
جو خاکروبی کا منصب ملے مدینے میں

اُسی کے سجدے ہیں مقبولِ بارگاہ الہ
ہے عشقِ سرورِ کونین جس کے سینے میں

قرار روح کو آئے مری پس مُردن
خدا بنا دے جو مدفن مرا مدینے میں

یہ دل گو شیشہ ہے لیکن ہے احترام کی شے
کہ کندہ نام محمدؐ ہے اس نگینے میں

نبیؐ کے ذکر نے سارے مٹا دیئے دل سے
ہزاروں داغ تھے اس دل کے آبگینے میں

ڈبو سکے اسے طوفان میں یہ کہاں طاقت
نبی کے نام کا لنگر ہو جس سفینے میں

بجھا رہا ہوں میں تشنہ لبی کو زمزم سے
مزہ تو آئے گا کوثر پہ جا کے پینے میں

یہی دُعا ہے سکندر خدا سے شام و سحر
کہ موت آئے الٰہی مجھے مدینہ میں

Marfat.com

# مشعلہ

ہو سلامی درِ مصطفےٰ پہ مری روز و شب ربِّ اکبر دعا ہے یہی
روضۂ مصطفےٰ پہ کٹے زندگی آرزوِ دلی بخدا ہے یہی

زیست ہو اسوۂ مجتبےٰ میں بسر سنت مصطفےٰ پر رہے ہر قدم
حشر میں بھی اُٹھوں ان کے زیرِ قدم جستجو ہے یہی مدّعا ہے یہی

میرا ممدوح ہے اشرف الانبیاء جس کو کہتے ہیں سب رحمت کبریا
ساقیٔ خاص تسنیم و کوثر ہے یہ قاسم خلد یوم الجزا ہے یہی

جن کی تعریف قرآن میں ہے جا بجا ہے محمدؐ لقب جنکا صلّ علیٰ
بس انہیں کی شب و روز لکھنا ثنا اے سکندر مرا مشغلہ ہے یہی

Marfat.com

# مُعاف ہوتے ہیں جرم و قصور طیبہ میں

کرم نواز ہے ربِّ غفور طیبہ میں
معاف ہوتے ہیں جُرم و قصور طیبہ میں

کریں حضور سفارش تو خانۂ دل سے
نقوش ہوتے ہیں عصیاں کے دُور طیبہ میں

اگر زباں سے نہ مانگو تو پھر بھی ملتا ہے
نظر کو نور دلوں کو سُرور طیبہ میں

نظر ہو دید کے قابل تو دیکھ لو جا کر
رواں ہے آج بھی دریائے نُور طیبہ میں

سدا بہار ہے دُنیا میں گلشنِ طیبہ
خزاں کا نام نہیں دُور دُور طیبہ میں

اے دلِ شکستوں تمہاری دُعاؤں کے صدقے
دُعا کرو کہ بلالیں حضور طیبہ میں

Marfat.com

جو عاشقانِ محمد ہیں آن کے آنے کی
دعائیں کرتے ہیں اہلِ قبور طیبہ میں

بڑے ادب کی جگہ ہے دیارِ فخرِ رسل
سنبھالے رہنا دلِ ناصبور طیبہ میں

وہ خوش نصیب جو ہجرِ نبی میں روتے ہیں
بلائے جاتے ہیں اکدن ضرور طیبہ میں

سکندر اُسکو درِ مصطفےٰ سے کچھ نہ ملا
جو جھک سکا نہ دلِ پرغرور طیبہ میں

Marfat.com



# جشنِ ولادت

## سید الکونین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

Marfat.com

# سرتاج جملہ انبیاءؑ

آمنہؓ کے گھر شفیع المذنبینؐ پیدا ہوئے
غُل ہوا دنیا میں ختم المرسلینؐ پیدا ہوئے

نائبِ ربّ العلےٰ سرتاجِ جملہ انبیاء
قدرت حق رحمت اللعالمین پیدا ہوئے

خلق کے حاجت روا مخلوق کے مشکل کشا
سرِبراہ و رہبر دنیا و دین پیدا ہوئے

وہ عدیم المثل و یکتا شاہکار لم یزل
جن کا عاشق خود ہے خالق وہ حسین پیدا ہوئے

بھیجتے ہیں جن پر قدسی روز و شب پیہم درود
وہ حبیبِ خاص رب العالمین پیدا ہوئے

قاسم تسنیم و کوثر حاکم ارض و سماء
تاجدارِ انبیاء و مرسلینؐ پیدا ہوئے

جن کے پائے ناز پر جبریل نے آنکھیں ملیں
وہ مجسّم نور وہ نور مبیں پیدا ہوئے

پیکر انسانیت میں عبد حق کی شان سے
فرش پر رکھتے ہوئے اپنی جبیں پیدا ہوئے

اے سکندر کیوں نہ ہو بارانِ رحمت کا نزول
سیدِ کُل سبز گنبد کے مکیں پیدا ہوئے

Marfat.com

# مقامِ ادب

شاہِ خیر الانام آتا ہے — رحمتوں کا پیام آتا ہے
سارے عالم کی رہبری کے لئے — انبیاء کا امام آتا ہے
جس کا دیدار ضامنِ جنّت — وہ حسیں لاکلام آتا ہے
ہر امیر و غریب کا والی — مونسِ خاص و عام آتا ہے
جُھک گئے سر جہاں ملائک کے — وہ ادب کا مقام آتا ہے
ہم صلاۃ و سلام کیوں نہ پڑھیں — اُن پہ رب کا سلام آتا ہے
نام نامی محمدؐ عربی — سب کی مشکل میں کام آتا ہے
دھڑکنیں دل کی تیز ہوتی ہیں — لب پہ جب ان کا نام آتا ہے

اے سکندر کر اتباعِ نبی
یہ ہی محشر میں کام آتا ہے

Marfat.com

# سلطانِ معظّم

ہنگامِ سحر اک دھوم مچی سلطان معظّم آتے ہیں
رحمت کا دو شالہ اوڑھے ہوئے سردارِ دو عالم آتے ہیں
میثاقِ ازل میں جن کے لئے خالق نے لیا تھا نبیوںؑ سے
وہ ہادئ برحق فخرِ امم نبیوں کے وہ خاتم آتے ہیں
ہے شمس و قمر میں جن کی دمک ہے غنچہ و گل میں جنکی مہک
ہے جن سے دو عالم کی زینت وہ نورِ مجسّم آتے ہیں
حیدرؓ کے وصیِ ایمانی عثمانؓ کے ولئ روحانی
فاروقؓ کے مونس آتے ہیں صدیقؓ کے ہمدم آتے ہیں
سلمانؓ و اویسؓ قرنی کے مختارِ دل و جاں آتے ہیں
بو ذرؓ اور بلالؓ و خالدؓ کے آقائے مکرّم آتے ہیں
سینے میں تپش بڑھ جاتی ہے آنکھوں میں نمی آجاتی ہے
ہوتا ہے عجب عالم دِل کا جب یاد وہ پیہم آتے ہیں
چھائی جو سکندر غم کی گھٹا دل بحرِ الم میں ڈوب چلا
رحمت نے کہا مایوس نہ ہو آقا نے کہا ہم آتے ہیں

Marfat.com

# شمع ہدایت

خالق کی یہ اپنے بندوں پر اک خاص عنایت ہوتی ہے
فاراں کی بلندی پر روشن اک شمعِ ہدایت ہوتی ہے

آتش کدے بجھ بجھ جاتے ہیں کسریٰ کے محل تھرّاتے ہیں
نابود فضائے عالم سے ہر کفر و جہالت ہوتی ہے

دُنیا کو تمنّا تھی جس کی تھے اہلِ نظر جس کے جویا
دُنیائے عرب کے مرکز سے ظاہر وہ رسالتؐ ہوتی ہے

رحمت کی گھٹائیں گھِر گھِر کر رحمت کے گہر برساتی ہیں
محبوبؐ خدا کملی والے آقا کی ولادت ہوتی ہے

ہاں آج خلیل اللہ کی دُعا مقبول الٰہی ہو کے رہی
لو شامِ جہالت ختم ہوئی اب صبحِ سعادت ہوتی ہے

اس بزم کی عظمت کیا کہیئے جس بزم مبارک میں اے دل
اللہ کی حمد و نعتؐ نبی اصحاب کی مدحت ہوتی ہے

Marfat.com

انصاف کے ڈنکے بجتے ہیں دنیا سے ستم مٹ جاتا ہے
جب چرخِ خلافت پر روشن صدیقؓ کی عظمت ہوتی ہے

فاروقؓ کے جوشِ ایمان سے اسلام درخشاں ہوتا ہے
بے خوف و خطر اب کعبے میں تکبیر و امامت ہوتی

یہ صبر و رضا عالم ہے یہ شانِ عبادت عثمانؓ ہے
حلقوم پہ خنجر چلتا ہے قرآن کی تلاوت ہوتی ہے

وہ گھر ہے علیؓ عادل کا وہ در ہے ولی کامل کا
جس در پہ ولی بن جاتے ہیں تقسیم ولایت ہوتی ہے

دُنیا کو دیا درسِ پیہم اصحابِ رسولِ اکرم نے
اس طرح اطاعت ہوتی ہے اس طرح خلافت ہوتی ہے

دُنیا اُس کی عقبیٰ اس کا ہر چیز سکندر اس کی ہے
جس فرد پہ میرے آقا کی تھوڑی سی عنایت ہوتی ہے

Marfat.com

# جانِ آدم

نسلِ آدم کی نہ گھبرائیگی طوفانوں میں
ناخدا آگیا انسان کا انسانوں میں

ظلمتِ کفر مٹی نورِ حقیقی چمکا
شمع آہی گئی توحید کے پروانوں میں

آج کا دن ہے مسلمان کیلئے یومِ سعید
آج ہے عید محمدؐ کے ثنا خوانوں میں

بزمِ امکان میں ہوئی جلوہ فگن شمع ہدیٰ
نورِ حق پہونچا کلیساؤں میں بتخانوں میں

سائلو آؤ بھرو جھولیاں اپنی اپنی
صدقہ بٹتا ہے شہِ دین کے ایوانوں میں

تذکرہ حسن کا ہے بزم میں دیوانوں کی
عشق کا ذکر چلا شمع کے پروانوں میں

آج رفتار میں ہے بادِ صبا کی شوخی
نغمہ زن طائرِ رنگین ہیں گلستانوں میں

مجھ کو مل جائے سکندؔر مسندِ خلد بریں
نام لکھ جائے جو آقا کے ثنا خوانوں میں

Marfat.com

# نورِ خدا

## انوارِ رحمت

بارھویں کو ربیع کی بوقت سحر
فرش والوں کو نورِ خدا مل گیا
جو ترستے تھے دو بوند کے واسطے
ان کو دریائے جود و سخا مل گیا

ہر مسافر کو منزل نظر آ گئی
بے نواؤں کو اک ہمنوا مل گیا
فاقہ مستوں کی اُمید بھی بندھ گئی
بے سہاروں کو اک آسرا مل گیا

اہلِ مکہ کو اک نامور مل گیا
آلِ ہاشم کو خیر البشر مل گیا
آمنہ بی کو نورِ نظر مل گیا
ہم غریبوں کو مشکل کشا مل گیا

Marfat.com

دستِ حیدرؓ کو دستِ سخا مل گیا
فرقِ عثمانؓ کو تاجِ حیا مل گیا
قلبِ فاروقؓ کو مدّعا مل گیا
چشمِ صدیقؓ کو مصطفےٰ مل گیا

تاجور جس کے در پر جھکاتے ہیں سر
جس کی تعظیم کرتے ہیں اہلِ نظر
ہے لقب جن کا یٰسین و خیرالبشر
وہ ہمیں رہبر و رہنما مل گیا

جستجو جن کو تھی ماہِ کنعاں کی
ان کو یوسفؑ سے بڑھ کر حسین مل گیا
آرزو جن کو تھی دید رحمٰن کی
ان کو احمدؐ میں نورِ خدا مل گیا

کیوں شکایت کروں اب میں تقدیر کی
کس لئے میں کروں شکوۂ مفلسی
اے سکندر مجھے ان کی سرکار سے
میری امید سے بھی سوا مل گیا


Marfat.com

# سائلِ کی صدا

لے کے ارمانوں کا طوفان اشک کا سیل رواں
در پہ اِک سائل ترے آیا ہے شاہِ مُرسلاں
مانگتا ہے اذنِ طیبہؐ در سے تیرے بھیک میں
اے شہنشاہِ دو عالم رحمتِ ہر دو جہاں
اِے رسولِؐ ہاشمی وائے امام الانبیاءؐ
اے حبیبِ ربِ اکرم اے شفیعِ عاصیاں
تیری سیرت پر تصدّق کائناتِ دوجہاں
تیری صورت کا ہے عاشق خالقِ کون ومکاں
جن سے تو بیزار ہے معبود بھی بیزار ہے
جس سے تو راضی ہے خالق بھی ہے اُس پر مہرباں
اِک نگاہِ لُطف ہو جائے اِدھر بھی اے حضورؐ
کچھ سکونِ زندگی حاصِل کرے یہ نیم جاں
بھر دے اب جھولی کو اس کی سبز گنبد کے مکیں
بن کے سائل در پہ آیا ہے سکندرؔ نعت خواں

Marfat.com

# صلاۃ وسلام



Marfat.com

# رحمتِ کبریا ؐ

رحمتِ کبریاؐ خلق کے رہنما تم پہ لاکھوں دُرود اور لاکھوں سلام
احمدِ مجتبیٰؐ خاتم الانبیاءؐ تم پہ لاکھوں دُرود اور لاکھوں سلام

اے قسیمِ ارمؐ اے شفیعِ اُممؐ صاحبِ عرش و کرسی و لوح و قلم
اے خطیبِ حرم اے حبیبِ خدا تم پہ لاکھوں دُرود اور لاکھوں سلام

حامیٔ بیکساںؐ راحتِ عاشقاںؐ مونسِ مجرماں ہمدمِ عاصیاں
رحمتِ دو جہاں دافعِ ہر بلا تم پہ لاکھوں دُرود اور لاکھوں سلام

زائرِ لامکاں رونقِ آسماں رہبرِ کاملاں ہادیٔ مُرسلاں
ہے وظیفہ مرا اب یہ صبح و مسا تم پہ لاکھوں دُرود اور لاکھوں سلام

منزلِ عشق کے رہنما۔ راہبر۔ مسندِ حُسن کے بے شبہ تاجور
گُلشنِ قدس کی رونقِ جانفزا۔ تم پہ لاکھوں درود اور لاکھوں سلام

Marfat.com

چشمِ صدیقؓ میں ہے تمہاری ضیاء قلبِ فاروقؓ میں تم ہو جلوہ نما
تم سے پائی ہے عثمانؓ نے شرم و حیا تم پہ لاکھوں درود اور لاکھوں سلام

تم سے حیدرؓ نے سیکھا ہے جود و کرم تم نے بوذرؓ کو بخشا ہے فیض اتم
تم نے روحِ بلالیؓ کو زندہ کیا تم پہ لاکھوں درود اور لاکھوں سلام

میری جھولی بھی بھر دو حبیبِ خدا از برائے حسینؓ و حسنؓ فاطمہؓ
غوث اعظمؓ کا صدقہ ہو مجھ کو عطا۔ تم پہ لاکھوں درود اور لاکھوں سلام

اب سکندرؔ کو قدموں میں بلوائیے ہاں نگاہِ کرم اس پہ فرمائیے
آپ کو خلق کہتی ہے مشکل کشاء تم پہ لاکھوں درود اور لاکھوں سلام

# ختم شد

Marfat.com

Marfat.com



سحاب رحمت
سفینۂ نوح
میخانۂ عرفان
سراجاً منیرا
خلیل بکڈپو ۳/۳۴۷ لیاقت آباد کراچی ۱۹


Marfat.com